NORTHERN
POWERGRID

www.northernpowergrid.com

# ہمیں آپ کی بجلی فراہمی منقطع کی
# ضرورت کیوں ہوتی ہے




NORTHERN POWERGRID

## ہم کون ہیں

ناردرن پاور گرڈ (Northern Powergrid) میں ہم نارتھ ایسٹ، یارک شائر اور شمال لنکن شائر کو بجلی تقسیم کمپنیوں – Northern Powergrid (Northeast) Ltd [ناردرن پاور گرڈ (نارتھ ایسٹ) لمیٹڈ] اور Northern Powergrid (Yorkshire) plc. [ناردرن پاور گرڈ (یارک شائر) پی ایل سی] کے ذریعہ بجلی فراہم کرتے ہیں۔ ہم آپ کے فراہم کار کے لیے اپنے الکٹریسٹی ڈسٹری بیوشن نیٹ ورک کے ذریعے 3.9 ملین گھروں اور کاروباری اداروں کو بحفاظت بجلی پہنچاتے ہیں۔ آپ کا فراہم کار آپ کی بجلی کا بل آپ کو پیش کرتا ہے اور آپ کے میٹر کے لیے بھی وہ ذمہ دار ہے۔

## ہماری آن لائن برادری میں شامل ہوں

ہماری آن لائن برادری ہمیں اپنے صارفین سے مختلف مصنوعات پر تبادلۂ خیال کا موقع دیتی ہے۔ آپ کا قیمتی جوابی تاثر بہتری لانے اور آئندہ خدمات کی تشکیل میں ہمیں مدد دے گی ۔ براہ کرم اس میں شامل ہونے کے لیے www.northernpowergrid.com/community پر ابھی اپنا اندراج کرائیں۔

## ہمیں آپ کی بجلی فراہمی بند کرنے کی ضرورت کیوں ہے

روشنیوں کو جلی رکھنے کے لیے ہمیں ایک اوسط مہینے میں خاص طور پر 480 مواقع پر منصوبہ بند بجلی کٹوتی کی ضرورت پڑتی ہے جس کے لیے نیٹ ورک کا بند کیا جانا ضروری ہے۔ براہ کرم اس کا اطمئنان رکھیں کہ یہ انجام شدہ کام کی مختصر فیصد مقدار ہے اور یہ کہ 90% سے زیادہ کام بجلی کو کھلی ہوئی حالت میں رکھ کر انجام دیا جاتا ہے۔ پھر بھی بعض نوعیتوں کے کام کے لیے مثلاً خرابی کی مرمت، تبدیلی اور دیکھ بھال کے کام، نئی سپلائی جوڑنا اور بالائی لائنوں کے اوپر سے شاخیں، پتے اور پودے ہٹانے کے لیے ہمیں یہ یقینی بنانے کی ضرورت ہوتی ہے کہ ہم کاموں کو حفاظت سے انجام دے سکتے ہیں۔

## ہمیں آپ کو کتنے دن پہلے اطلاع دینی چاہیے

اگر ہم آپ کی بجلی فراہمی منقطع کرنے والے ہوں تو قانوناً ہمارے لیے آپ کو کم از کم دو روز پہلے اطلاع دینا ضروری ہے۔ پھر بھی ہم یہ محسوس کرتے ہیں کہ بعض وقت آپ کو دیگر انتظامات کرنے کے لیے یہ وقت بہت کافی نہیں ہوگا اس لیے ہم آپ کو 10 دن کا وقت دینا چاہتے ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ صارفین کو زیادہ دنوں کی پیشگی اطلاع دینے کا مطلب یہ ہے کہ وہ اکثر یہ بھول جائیں گے کہ ہم ان سے بجلی بند کرانا چاہتے ہیں اس لیے ہم نے آپ کے لیے بھرنے اور ایسی جگہ پر رکھنے کے لیے جہاں اسے ہر کوئی دیکھ سکے اس پرچے کی پشت پر ایک انتباہ شامل کر دیا ہے۔

## ہم خطرے میں مبتلا صارفین کی مدد کیسے کر سکتے ہیں

اگر آپ خطرے میں مبتلا ہوں اور آپ کو اضافی مدد درکار ہو تو ہماری ترجیحی خدمات سے متعلق معلومات اور اپنی حالت درج کرانے کے لیے براہ کرم 2996 169 0800 پر ہم سے رابطہ کریں تاکہ ہم آپ کی مدد کرنے کی کوشش کر سکیں۔

## جینیریٹر کا انتظام

الگ الگ افراد کو جینیریٹر فراہم کرنا یا انہیں جوڑنا ہمارے لیے عملاً ممکن نہیں ہوگا۔ اگر آپ چاہیں تو مقامی کرایے کی دکانوں سے چھوٹے جینیریٹر کرایے پر لے سکتے ہیں۔ اگر آپ بڑے صنعتی یا تجارتی صارف ہیں تو ہم سے 8865 587 0800 پر رابطہ کریں اور ہم اختصاص رکھنے والی کمپنیوں کی رابطے کی تفصیلات آپ کو دیں گے جو جنیریٹر کرایے پر دیتی ہیں۔



## آپ اپنے برقی آلات کو کیسے محفوظ رکھیں

- اس سے پہلے کہ ہم بجلی بند کریں آپ کو چاہیے کہ کسی بھی برقی آلے کا سوئچ بند کر کے اس کا پلگ نکال دیں۔
- گرمی پیدا کرنے والے آلات مثلاًاستری، فائر، فین ہیٹر، بال سیدھی کرنے والے کنگھے وغیرہ جیسے برقی آلات کو بند کر دیں۔ اگر آپ ان چیزوں کو کھلا چھوڑے رکھیں گے تو ہمارے دوبارہ بجلی کھولنے پر ان میں آگ لگ سکتی ہے۔
- اگر آپ کے برگلر الارم میں بھروسہ مند بیٹری سپلائی ہے تو انہیں ہمارے دوبارہ بجلی کھولنے تک چالو حالت میں رکھے جانے چاہئیں۔
- جب ہم بجلی دوبارہ چالو کرتے ہیں تو آپ کو شاید اپنے بعض برقی آلات مثلاً سنٹرل ہٹینگ، کوکرز وغیرہ پر لگے ٹائمر کو دوبارہ درست حالت میں لانا ہوگا۔
- جب تک ہم بجلی دوبارہ نہ کھول دیں فرج یا فریزر کا دروازہ نہ کھولیں کیونکہ اس سے ٹھنڈی ہوا نکل جائے گی ۔
- ہمارے بجلی بند کرنے سے بالکل پہلے لفٹ یا زینے والی لفٹ استعمال کرنے سے بچیں۔
- اگر آپ کے گھر میں بجلی سے چلنے والے اکسس کنٹرول والے دروازے، گیریج کے دروازے یا ڈرائیو وے پھاٹک ہیں تو آپ کو انھں دستی طور پر کھولنے کا طریقہ آنا چاہیے۔ اس سے پہلے کہ ہم بجلی بند کریں آپ کو اپنے ڈرائیو وے گیٹ کھولنے پر بھی غور کرنا چاہیے۔

## آپ کیسے تیار کر سکتے ہیں

مندرجہ ذیل چیزیں ہاتھ میں رکھیں:

- ایسی حالت میں کی آپ کی سپلائی میں خرابیاں ہوں تو ایک ٹارچ۔
- پوری طرح چارج شدہ موبائل فون (برقی توانائی سے چلنے والے لینڈ لائن فون کام نہیں کریں گے)۔


سرد موسم میں آپ کو یہ بھی یقینی بنانا چاہیے کہ آپ کے پاس مندرجہ ذیل اشیاء ہیں:

- فلاسک تاکہ آپ گرم مشروب پی سکیں۔
- خود کو گرم رکھنے کے لیے ایک کمبل۔

### مختصر اشارہ:

*کیوں نہ ایک روشنی کھلی ہوئی چھوڑ دیں تاکہ بجلی فراہمی بحالی ہونے پر جان جائیں۔*








# نیٹ ورک میں خرابی کی مرمت

## ہمیں نیٹ ورک پر خرابی کی مرمت کرنے کی ضرورت کیوں ہے

اگر آپ کے علاقے کے الکٹریسٹی نیٹ ورک میں ایسی خرابی واقع ہو جس سے آپ کو یا دیگر صارفین کو بجلی کی فراہمی میں دشواری کا سامنا کرنا پڑے تو یہ یقینی بنانے کے لیے کہ آپ کی بجلی فراہمی کی حفاظت بر قرار ہے ہم جلد از جلد مرمت کا کام انجام دیتے ہیں۔

جب ہم خرابی کی نشاندہی کر لیتے ہیں اور اس سے پہلے کہ مستقل مرمت ہو جائے بعض اوقات ہمیں نیٹ ورک کے کسی دوسرے حصے سے آپ کو بجلی فراہم کرنا ہوتا ہے۔ اس کے نتیجے میں آپ کو عموماً ملنے والی بجلی فراہمی کے معیار میں کمی آتی ہے مثلاً جلتی بجھتی روشنی اور نسبتاً ہلکی روشنی ۔ فکر نہ کریں۔ یہ عام سی بات ہے اور آپ کی بجلی فراہمی مستقل مرمت انجام پا جانے ہی سے معمول پر آ جائے گی ۔

# نیٹ ورک کی تبدیلی اور دیکھ بھال



## ہمیں نیٹ ورک کی تبدیلی اور اس کی دیکھ بھال کی ضرورت کیوں پڑتی ہے

ہم ان افراد کی جماعت کو ملازم رکھتے ہیں جنہیں یومیہ بنیاد پر الیکٹریسٹی نیٹ ورک پر دیکھ بھال اور تبدیلی کا کام انجام دینا پڑتا ہے۔ آپ کے علاقے میں بجلی فراہمی کی معتبریت کو برقرار رکھنے اور اس میں بہتری لانے کی غرض سے اس کام کی منصوبہ بندی سال بھر کی جاتی ہے۔ اس سے بجلی کٹوتیوں کی مقدار اور نیٹ ورک میں خرابیوں سے ہمارے صارفین کو ہونے والی پریشانی میں بھی کمی آ جاتی ہے۔



# نیٹ ورک میں نئی سپلائی جوڑنا









## ہمیں نیٹ ورک میں نئی سپلائی جوڑنے کی ضرورت کیوں ہوتی ہے

جب ہم سے آپ کا پڑوسی صارف نئے کنکشن( یا موجودہ کنکشن میں تبدیلی) کی درخواست کرے تو ہمیں آپ کی بجلی فراہمی منقطع کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

ہمارے لیے ان خدمات کو مقررہ مدت کے اندر فراہم کرنا قانوناً لازمی ہے اور ہم ہمیشہ یہ چاہیں گے کہ صارف کو کم سے کم دشواری ہو۔



# نیٹ ورک سے درختوں/ گھاس پھوس صاف کرنا



## ہمیں نیٹ ورک پر سے درختوں/ گھاس پھوس کو صاف کرنے کی ضرورت کیوں پڑتی ہے

آپ کے علاقے میں بجلی فراہمی کی معتبریت کو برقرار رکھنے اور اسے بہتر بنانے کی غرض سے ہم ہماری بالائے زمین لائنوں پر درختوں اور گھاس پھوس کی افزائش روکنے کے لیے افراد کی ایک بڑی جماعت کو ملازم رکھتے ہیں۔

الیکٹریسٹی نیٹ ورک پر ہونے والی خرابیوں کی تعداد میں کمی لانے کے لیے جن کے نتیجے میں بعض اوقات خرابیاں رونما ہو سکتی ہیں۔ ہم سال بھر منصوبہ بند بنیاد پر یہ کام انجام دیتے ہیں۔

NORTHERN POWERGRID
www.northernpowergrid.com

ہم سے رابطے کا طریقہ:
0800 587 8865

براہ کرم بے تکلف اس کارڈ کو پُر کر کے ایسی جگہ پر رکھیں جہاں اسے ہر شخص دیکھ سکے۔

## اہم اطلاع – ہمیں آپ کی بجلی فراہم بند کرنے کی ضرورت ہے:

تاریخ:..............................................................................................................................

درمیان: وقت ............................................ صبح/شام اور وقت ............................................ صبح/شام

آپ کو ہونے والی زحمت کے لیے ہم معذرت خواہ ہیں۔